سوال

(562)السلام علیکم کی بجائے ''شام بخیر

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

سلام کہتے ہوئے بہت سے لوگ اس طرح کے الفاظ کہہ دیتے ہیں ''شام بخیر....... صبح بخیر....یا اس سے ملتے جلتے الفاظ تو کیا یہ جائز ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

سلام کے لیے جو الفاظ وارد ہیں وہ یہی ہیں کہ انسان کہے ''السلام علیکم ..یا ''سلام علیک ...پھر اس کے بعد جو چاہے الفاظ کہہ لے یعنی ''مساک اللہ بالخیر...(اللہ آپ کی شام اچھی کرے)اور ''صبحک اللہ بالخیر...(اللہ آپ کی صبح اچھی کرے)یا اس طرح کے دیگر الفاظ مشروع سلام کے بعد کہے جا ہیں لیکن مشروع سلام کی بجائے ان الفاظ کو استعمال کرنا غلط ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص427

محدث فتویٰ